دی پنجاب سکول سسٹم

سرکلر نمبر 09 **تاریخ:** 5 نومبر 2026ء

محترم والدین!

السلام علیکم۔

والدین اور سکول کے مابین رابطے کو مؤثر، بروقت اور سہل بنانے کے لیے 2023 میں دی پنجاب سکول کی موبائل ایپ متعارف کروائی گئی تھی تاکہ سکول سے متعلقہ اہم معلومات، ضروری اعلانات اور طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے والدین تک بروقت رسائی ممکن بنائی جاسکے۔ رابطے کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور معلومات کی بروقت ترسیل کو یقینی بنانا اس ایپ کا بنیادی مقصد تھا تاہم عمومی مشاہدہ یہی ہے کہ بیشتر والدین ایپ انسٹال کرنے کے باوجود اسے باقاعدگی سے کھول کر نہیں دیکھتے جس کے نتیجے میں وہ اکثر سکول کی جانب سے جاری کردہ ضروری اطلاعات سے لاعلمی کا اظہار کرتے ہیں۔ اس صورتِ حال کے پیشِ نظر والدین کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کروانا ضروری ہے کہ ایپ کی افادیت اسی وقت برقرار رہ سکتی ہے جب اسے باقاعدگی سے استعمال کیا جائے اور اس پر موصول ہونے والی اطلاعات کا بروقت جائزہ لیا جائے۔

جن والدین نے تاحال ایپ انسٹال نہیں کی ان سے درخواست ہے کہ اسے اپنے موبائل فون پر فوری طور پر انسٹال کریں اور جو والدین پہلے ہی ایپ انسٹال کر چکے ہیں، ان سے گزارش ہے کہ وہ اس کے نوٹیفکیشنز (Notifications) باقاعدگی سے دیکھنے اور ایپ کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کرنے کی عادت اپنائیں۔ والدین کی یاددہانی کے لیے اہم نکات درج ذیل ہیں:

- آئندہ سکول سے متعلقہ تمام اہم اپ ڈیٹس، ضروری اطلاعات، تعلیمی و انتظامی اعلانات اور دیگر ہدایات اسی موبائل ایپ کے ذریعے ارسال کی جائیں گی۔
- ایپ کے ذریعے ارسال کردہ ہر اطلاع کو والدین تک موصول تصور کیا جائے گا خواہ اسے چیک کیا گیا ہو یا نہیں، چنانچہ کسی اطلاع سے لاعلمی کو عدم تعمیل کا جواز نہیں بنایا جاسکے گا۔
- ایپ کو باقاعدگی سے چیک نہ کرنے کے باعث کسی اہم اطلاع سے لاعلمی اور سکول کی جانب سے جاری کی گئی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی ذمہ داری والدین پر عائد ہوگی اور اس ضمن میں انتظامیہ ذمہ دار نہیں ہوگی۔
- یہ ایپ اینڈرائیڈ (Android) اور آئی او ایس (iOS) دونوں آپریٹنگ سسٹمز کے لیے دستیاب ہے۔
- والدین سے توقع ہے کہ وہ درج بالا ہدایات پر سنجیدگی سے عمل کرتے ہوئے موبائل ایپ کو فعال رکھیں گے اور ایپ کے باقاعدہ استعمال کو یقینی بنائیں گے تاکہ سکول کی جانب سے جاری کردہ تمام اہم معلومات بروقت ان تک پہنچ سکیں اور کسی بھی قسم کی غلط فہمی یا لاعلمی سے بچا جاسکے۔

آپ کے تعاون کی متمنی

دی پنجاب سکول انتظامیہ

IOS

Android

وصول کنندہ

تمام طلبہ وطالبات